رول نمبر اُمیدوار : ___________

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 319 - (IV) (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 6027 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - ؎ "شاعری روزِ ازل سے ہوئی تخلیق، ندیم ...... شعر سے کم نہیں، انسان کا پیدا ہونا" اصطلاح میں یہ شعر ______ کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) تلمیح (D) ردیف

2 - ہرگوپال تفتہ نے برائے اصلاح غالب کو ______ بھیجیں / بھیجے۔
(A) غزلیں (B) داستانیں (C) قصائد (D) ہجویں

3 - استعارہ ہے:
(A) مرے خورشید کبھی تو بھی اٹھا اپنی نقاب (B) حسنِ یوسف (C) چاند سا چہرہ (D) غارِ حرا

4 - "آمد ہے، کربلا کے نیستاں میں، شیر کی" یہ مصرع ______ کا ہے۔
(A) تلمیح (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

5 - جس دن سرسید کے گھر مہمان زیادہ ہوتے، اس دن ان کے گھر ______ ہوتی / ہوتا۔
(A) فاقہ (B) کہرام (C) عید (D) رونا دھونا

6 - نصابی سبق "اور آنا گھر میں مرغیوں کا" ______ کتاب سے ماخوذ ہے۔
(A) خاکم بدہن (B) زرگزشت (C) آبِ گم (D) چراغ تلے

7 - غزل کے اشعار میں ایک جیسے بار بار آنے والے الفاظ ______ کہلاتے ہیں۔
(A) ردیف (B) قافیہ (C) تشبیہ (D) مطلع

8 - ؎ "ہستی اپنی حباب کی سی ہے ...... یہ نمائش سراب کی سی ہے" اس شعر میں "ہستی" ______ ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ تشبیہ (D) حرفِ تشبیہ

9 - تلمیح ہے: ؎ "آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا ...... دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت"
(A) صدا (B) چاہِ یوسف (C) دوست (D) بھائی

10 - نصابی سبق "اوور کوٹ" کا اختتام ______ کے ذکر پر ہوا۔
(A) اوور کوٹ (B) فلیٹ ہیٹ (C) بید کی چھڑی (D) گلوبند

11 - نصابی سبق "اُسوۂ حسنہ" کے مطابق ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیل روحانی کیلئے جو چیز ہے وہ ______ ہے۔
(A) سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم (B) اُسوۂ اسلاف (C) اُسوۂ صحابہؓ (D) اُسوۂ انبیاء

12 - کراچی ______ آب و ہوا مرطوب ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کیں

13 - پیاز کس بھاؤ بک ______ ہے؟
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

14 - "مطلع" ______ زبان کا لفظ ہے۔
(A) عربی (B) ترکی (C) ہندی (D) پرتگالی

15 - "مکتوباتِ غالب" چھپ ______ ہے۔
(A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

16 - ؎ "پھرے راہ سے وہ، یہاں آتے آتے ...... اجل مر رہی تو، کہاں آتے آتے" یہ شعر ______ کا ہے۔
(A) تلمیح (B) مقطع (C) مطلع (D) ان میں سے کوئی نہیں

17 - "میرا بیٹا چاند کی طرح خوبصورت ہے" اس جملے میں حرفِ تشبیہ ______ ہے۔
(A) بیٹا (B) میرا (C) طرح (D) خوبصورت

18 - قافیہ ______ کو کہتے ہیں۔
(A) شعر کے آخری حصے (B) ہم آواز الفاظ (C) بار بار استعمال ہونے والے الفاظ (D) شعر کے ابتدائی حصے

19 - تعصب نہیں ______ ۔
(A) کرنا چاہیے (B) کرنی چاہیے (C) کرنے چاہیے (D) کرنے چاہئیں

20 - مجھے گھبراہٹ ہو ______ ۔
(A) رہا ہے (B) رہی ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں